www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



بات واضح نہیں ہو سکتی اس لیے ہر مترجم عموماً حواشی اور تعلیقات کے ذریعے اس مشکل کو حل کیا کرتے ہیں۔ اگر عزیز محترم نے آئندہ اس کا التزام کیا تو کتاب کی اہمیت کافی بڑھ جائے گی۔

(۸)

نام کتاب :- مسعود عالم ندوی — مؤلف و مرتب :- جناب اختر راہی ایم اے

صفحات :- ۱۰۴ — قیمت :- ۶/- روپے

ملنے کا پتہ :- مکتبہ ظفر ناشر قرآنی قطعات۔ محلہ فیض آباد۔ سرگودھا روڈ۔ گجرات۔

حضرت مسعود عالم ندوی رحمۃ اللہ علیہ (ف ۱۶ مارچ ۱۹۵۴ء) علمی و ادبی اور سیاسی حلقوں میں جانی پہچانی شخصیت ہیں، موصوف ایک ادیب بھی تھے اور راسخ عالم دین بھی، سیاستدان بھی تھے اور باخدا سلفی بھی۔ اس سلسلے میں ان کی خدمات جلیلہ اور مساعی جمیلہ معروف ہیں — اس حیثیت سے ان کا جامع تذکرہ ابھی ان کے ارادتمندوں اور جوہر شناسوں کی گردنوں پر قرض ہے، اور ان کی اس متنوع شخصیت کو محفوظ کرنے کا اس سے بہتر شاید ہی اور کوئی راستہ ہو۔ اب تک اس سلسلے میں جو کام ہوا ہے اس کی حیثیت زیادہ تر ایک پہلو یا "منجملہ" کی ہے، اسے پڑھ کر جو عام تاثر پیدا ہوتا ہے، وہ صرف اتنا ہے، کہ وہ جماعت اسلامی کے عظیم رہنما اور اکابر جماعت اسلامی کے ایک ممدوح بزرگ تھے — گو یہ بھی ان کا ایک اہم پہلو ہے مگر وہ سارے یہی نہیں ہیں۔

زیر تبصرہ کتاب میں ضمناً بہت سی باتیں آگئی ہیں لیکن اس میں ملحوظ زیادہ تر ان کے مکاتیب گرامی ہیں، جو خاصے معلوماتی اور بصیرت افروز ہیں، ہمارے دوست فاضل نوجوان جناب اختر راہی ایم۔ اے نے ان کو مرتب فرمایا ہے۔ موصوف کے خصوصی حواشی اور تعلیقات نے کتاب کی اہمیت کو دوبالا کر دیا ہے۔ اصل کتاب کی فہرست کے ساتھ اگر حواشی اور تعلیقات کی فہرست بھی الگ لگا دی جاتی تو تلاش میں آسانی رہتی۔ کیونکہ بعض حواشی خاصے معلوماتی ہیں، جزاہ اللہ۔

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ (ف ۲۰۴ھ) کا سفرنامہ (رحلۃ الامام الشافعی) بہت مشہور رہا ہے وقتاً فوقتاً بہت سے رسائل اور جرائد نے اس کے ترجمے بھی شائع کیے، جب ہم پڑھتے تو انتہائی ذہنی کوفت ہوتی، کیونکہ اس کی روایاتی حیثیت کچھ زیادہ تسلی بخش نہیں ہے جس کا ذکر کیے بغیر ہر مترجم نے کام چلایا ہے۔ اب کے مرتب نے اپنی تعلیقات میں اس پر تبصرہ کر کے نہ صرف ہمیں ایک ذہنی بوجھ سے نجات بخشی ہے بلکہ اسی کی روایاتی کم مائیگی کو بیان کر کے ایک علمی ذمہ داری کا حق بھی ادا کیا ہے۔ جزاہ اللہ تعالیٰ، ملاحظہ ہو۔ ص ۶۳

© rasailojaraid.com



محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



مکاتیب گرامی کی تعداد چونتیس (۳۴) ہے، ان میں بعض مکتوب ایسے بھی ہیں جن سے بعض اداروں اور افراد کے بعض مخفیہ گوشے کھلتے ہوتے ہیں ۔۔۔ اور کچھ وہ ہیں، جن سے مرحوم کی طالبعلمانہ دلچسپیوں اور مصلحانہ کاوشوں پر روشنی پڑتی ہے۔

فاضل مرتب نے آخر میں بیشتر مکتوب الیہ حضرات (جن کو خطوط لکھے گئے) کا مختصر تعارف بھی پیش کیا ہے جو مختصر ہونے کے باوجود معلوماتی ہے، سب سے آخر میں ایک جامع انڈکس دیا گیا ہے جو کتاب میں مذکور، اعلام، اماکن، ادارے اور کتب کی ایک لسٹ دی گئی ہے ۔۔۔ خصوصی طور پر فاضل مرتب نے اس کتاب کو ایڈٹ کرنے پر جو محنت کی ہے وہ قابلِ قدر اور لائق تحسین ہے۔

اسلام کی نشاۃ ثانیہ کا علمبردار

ہفت روزہ **المنبر** لائل پور

رئیس التحریر مولانا عبدالرحیم اشرف

حکیم محمد عبداللہؒ جو روہڑی والے اور جہانیاں والے نہ تھے بلکہ صرف اللہ والے تھے جنھوں نے

- دنیا سے کبھی پیار نہ کیا
- اپنا تن من دھن اللہ کے لیے وقف کیے رکھا
- طب اسلامی کے قابلِ فخر فائدا در عظیم محسن
- نامور منفرد طبی مصنف
- اس دور کے ایک ممتاز عارف و ولی اللہ کے احوال اور سوانح

اسلام کی عظمت رفتہ کی واپسی کے لیے بے پناہ کاوشوں، طبی دنیا میں انقلاب آفرین اقدامات کی داستان ۔۔ اور بقار پاکستان و تحفظ ملتِ اسلامیہ کے لیے تڑپنے والے مومن دل کی ان گنت کیفیات سے مزین

ہفت روزہ المنبر۔ لائلپور کا

**عبداللہ نمبر**

مارچ میں شائع ہو رہا ہے۔ جس میں حکیم صاحب مرحوم کے جاننے والے ان کی زندگی کے تابناک پہلوؤں کو اجاگر کریں گے۔

**ضخامت ۲۰۰ صفحات**

حکیم صاحب کے احباب اپنے تاثرات و مشاہدات، واقعات اور معلومات بلا تاخیر ارسال فرمائیں نیز آپ کے خطوط اور مجربات خصوصی (بشرط واپسی) بھی جلد از جلد ارسال فرمائیں۔

رابطہ کے لیے:۔ **خالد اشرف** رکن ادارۂ تحریر ہفت روزہ المنبر پوسٹ بکس نمبر ۹۴۔ لائل پور

© rasailojaraid.com



محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ